SHINE LAWYERS
RIGHT WRONG.

رازدارانہ اور قانونی استحقاق کے تابع

# آئی ایس جی ایم کلاس ایکشن اپڈیٹ: جولائی 2020

رابرٹ مچ بخلاف آئی ایس جی مینجمنٹ پروائیویٹ لیمیٹڈ(Robert Mutch vs (ISG Management Pty

اپنی قانونی ٹیم سے اپڈیٹ حاصل کریں

ہم آپ کو یاد دہانی کرانے کے لیے لکھ رہے ہیں کہ براہ کرم درج ذیل قانونی چارہ جوئی کے لیے مالی اعانت کے معاہدے پر نظرثانی کرکے، دستخط کریں اور واپس لوٹا دیں۔

قانونی چارہ جوئی کے لیے مالی اعانت کا معاہدہ آئی ایس جی ایم کے کے خلاف آپ کے دعوے کے لیے مالی اعانت دینے کے لیے آپ اور لیٹیگیشن لینڈنگ سروس لیمیٹڈ ( LLS) کے درمیان ایک معاہدہ ہے۔

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ آئی ایس جی ایم سے حاصل شدہ کسی بھی رقم کے علاوہ، نہ تو فنڈر، لیٹیگیشن لینڈنگ سروس لیمیٹڈ، اور نہ ہی شائن آپ سے کسی قانونی اخراجات اور ادائیگی کے لیے کوئی ادائیگی کا مطالبہ کرگے گی۔ اگر آپ کا دعوی ناکام ہوتا ہے، تو آپ کو شائن یا ایل ایل ایس کو کوئی بھی قانونی اخراجات ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔(LLS)

مزید، ہم تصدیق کرتے ہیں کہ کلاس ایکشن میں آپ کی شرکت کو راز میں رکھا جائے گا، اور آپ کی پیشگی رضامندی سے ہی انکشاف کیا جائے گا:

- عدالت کو، اگر رازدارانہ بنیادوں پر کوئی تصفیہ یا کامیاب فیصلہ ہو ؛ اور/یا
- آئی ایس جی ایم کو، اگر تصفیہ یا فیصلے کے جزء کے طور پر مطلوب ہو ، تاکہ آپ کے دعوی کی تصدیق اور/یا ادائیگی کے قابل بنایا جا سکے۔

آن لائن قانونی چارہ جوئی کی مالی اعانت کے معاہدے تک رسائی حاصل کرنے اور اس سے اتفاق کرنے کے لیے، براہ کرم ذیل بٹن پر کلک کریں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ بٹن آپ کو ایک منفرد لنک پر لے جائے گا جس کا دوسروں کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جانا چاہیے۔

قانونی چارہ جوئی کی مالی اعانت کے معاہدے کے منفرد لنک کی رسائی کریں۔

کاغذ کے فارم کا استعمال کرکے قانونی چارہ جوئی کی مالی اعانت کے معاہدے سے اتفاق کرنے کے لیے، براہ کرم یہاں فارم ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں اور پھر فارم کو اس ای میل کے نیچے دیئے گئے پتے پر ڈاک سے بھیج دیں۔

کیس کی تازہ ترین خبر

مارچ 2020 میں آپ کے پاس ہمارے آخری کیس کی تازہ کاری کے بعد سے، آئی ایس جی ایم نے جسٹس برومبرگ کے فیصلے کے خلاف آئی ایس جی ایم کے اس عمل کو 'ڈی کلاس' کرنے کی درخواست کے سلسلے میں ایک اپیل دائر کی تھی۔ فی الحال یہ اپیل آسٹریلیا کی فیڈرل کورٹ کی فُل کورٹ کے سامنے ہے اور توقع ہے کہ اپیل کی سماعت نومبر 2020 میں ہوگی۔

آئی ایس جی ایم کی اپیل کے باوجود، کلاش ایکشن میں پیش رفت جاری ہے، اور فیڈرل کورٹ کے روبرو اگلی کیس مینجمنٹ کانفرنس 11 اگست 2020 کو طے ہے۔ ہم اس پیشی کے بعد آپ کو مزید اپ ڈیٹ فراہم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہم اس سارے عمل میں آپ کے صبر کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس تازہ کاری کے بارے میں کوئی سوال ہے، تو براہ کرم ذیل تفصیلات کے ذریعہ ہم سے رابطہ کریں۔

آئی ایس جی ایم کے خلاف کلاس ایکشن کس طرح پیش رفت کر رہی ہے اس کے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے، براہ کر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

قانونی تفتیش: سروس اسٹریم

آپ میں سے بہت سارے لوگوں کے ساتھ ہماری مراسلت کے ذریعے، ہم اس سے باخبر ہو چکے ہیں کہ تکنیکی ماہرین کی ایک بڑی تعداد نے آئی ایس جی ایم اور خاص طور پر سروس اسٹریم سمیت متعدد ٹیلی مواصلات کمپنیوں کو خدمات فراہم کی ہے۔

یہ بات عیاں ہوچکی ہے کہ سروس اسٹریم نے ہوبہو ویسے ہی کام کا نمونہ اور طریق کار استعمال کیا ہے جس نے ٹیلی مواصلات کے تکنیکی ماہرین کی کم سے کم اجرت، سالانہ رخصت اور ملازمت سے سبکدوشی جیسے ان کے قانونی روزگار کے استحقاقات کو تبدیل کر دیا ہے۔

شائن لائرز فی الحال آئی ایس جی ایم کلاس ایکشن جیسی شرائط کی بنیاد پر، سروس اسٹریم کے خلاف قانونی کارروائی کی جانچ کررہی ہے۔

اس تفتیش کے جزء کے طور پر، ہم ہر ایک تکنیکی ماہرین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جنہوں نے **2014** کی تاریخ تک سے لے کر آج تک کے درمیان سروس اسٹریم کے ساتھ معاہدہ کیا ہے، کہ شواہد جمع کرنے میں ہماری مدد کے لیے انتہائی رازدارنہ بنیاد پر ہم سے رابطہ کریں۔

،آپ کی معلومات یہ یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوگی کہ ٹیلی مواصلات کے دوسرے تکنیکی ماہرین کو وہ فوائد موصول ہوں جس کے وہ حقدار ہیں اور آپ کی حمایت کو بہت ہی قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

براہ کرم فون کے ذریعے 1800316471 پر فون کرکے یا isgmclassaction@shine.com.au پر ای میل کرکے ہم سے رابطہ کریں۔ .

آپ کی قانونی ٹیم






ہادی بستانی
سینئر ایسوسی ایٹ

ویکی اینٹزوالاٹوس
پریکٹس لیڈر

جان سیڈلر
ہیڈ آف کلاس ایکشنز


**ہم سے رابطہ کریں**


ای میل: **isgmclassaction@shine.com.au**

فون: **1800316471**

ڈاک کا پتہ

**Shine Lawyers**
**PO Box 12011**
**George Street QLD 4003**